© rasailojaraid.com



قابلِ اعتماد علمی مواد جمع کر دیا ہے۔ یوں تو اس نمبر کے سارے مقالات وقیع ہیں مگر چند ایک تو خاص طور پر قابلِ قدر ہیں۔

مثلاً حصہ اوّل میں غالب کی تاریخ گوئی، مرزا غالب کا اسلوب نگارش محاسن خطوط غالب اور حصہ دوم میں، غالب کی شاعری میں تسکین ضمیر، غالب بٹی ہوئی شخصیت کا مسئلہ، غالب اور خودداری۔ غالب کا شعور کائنات، غالب اور شعور حیات، کلام غالب میں طنز و ظرافت۔

یہ مجلہ نہایت اونچے طباعتی معیار کے ساتھ ٹائپ میں شائع کیا گیا ہے۔

---

**مقامِ غالب** | تالیف جناب عبدالصمد صارم الازہری۔ ناشر ادارہ علمیہ ۵ دھنی رام روڈ۔ نئی انار کلی، لاہور۔ قیمت چھ روپے۔

اس کتاب میں یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ کلامِ غالب زبان و بیان کی خوبیوں سے یکسر عاری ہے اور وہ قواعد کے اعتبار سے بھی درست نہیں۔ اس بنا پر مرزا غالب اپنے معاصرین میں سب سے کم درجے کے شاعر ہیں اور انہیں زبان و فن کے معاملے میں کسی طرح بھی سند نہیں قرار دیا جا سکتا۔ کتاب میں کتابت و املا کی غلطیاں بہت زیادہ ہیں۔ معیار طباعت گوارا ہے۔

---

**تحریکِ اسلامی اور اس کے مخالفین** | تالیف۔ جناب محمد یعقوب طاہر صاحب۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ محمدیہ چاہ ٹوٹیانوالہ گرجاکھ، گوجرانوالہ۔ قیمت ساڑھے چھ روپے صفحات ۔ ۴۰۸

زیرِ تبصرہ کتاب میں جناب یعقوب طاہر صاحب نے تحریک اسلامی کے مخالفین اور بے رحم ناقدین کے الزامات کا جائزہ لیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ ان حضرات کی الزام تراشیاں کس قدر بے بنیاد ہیں۔ فاضل مصنف نے مواد کو بڑی عرق ریزی سے جمع کیا ہے اور اچھے انداز میں ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے جہاں جماعت اسلامی کے ناقدین کی بے انصافیاں سامنے آتی ہیں وہاں جماعت اسلامی کے موقف کی بھی وضاحت ہوتی ہے۔

© rasailojaraid.com